کوئٹہ (این این آئی) سول ہسپتال کوئٹہ کی 2017 سے 2022 کے دورانیہ کی خصوصی آڈٹ رپورٹ سامنے آگئی رپورٹ میں ہسپتال میں پانچ سال کے دوران 2 ارب روپے سے زائد کی بے قاعدگیوں کی نشان دہی ہوئی ہے، آڈٹ رپورٹ بلوچستان اسمبلی کی پبلک اکاونٹس کمیٹی کے سپرد کردی گئی۔ آڈیٹر جنرل پاکستان کی جانب سے جاری خصوصی آڈٹ رپورٹ کے مطابق اس دوران ادویات کی خریداری میں 1 ارب 85 کروڑ روپے کی بے قاعدگیاں ہوئی ہیں جبکہ پانچ برسوں میں ہسپتال کے مین اسٹور سے 2 کروڑ 28 لاکھ کی ادویات غائب ہوئی۔ رپورٹ کے مطابق دل کے مرض کیلئے اسٹنٹ کی تین کروڑ 17 لاکھ کی مشکوک خریداری سامنے آئی لوکل پرچیزنگ میں چار کروڑ روپے اور آکسیجن پلانٹ کے ٹینڈرز میں ڈیڑھ کروڑ سے زائد کی بے قاعدگیاں رپورٹ ہوئی ہیں سول ہسپتال کو آکسیجن سلنڈرز کی غیر ضروری کھپت سے چھ کروڑ روپے کا نقصان ہوا، وردی، فرنیچر اور مشینری کی خریداری میں 6 کروڑ 18 لاکھ کی بے قاعدگیاں سامنے آئیں بلوچستان اسمبلی نے 2017 سے 2022 کے دوران پانچ سال کی اسپیشل آڈٹ رپورٹ، پبلک اکاونٹس کمیٹی کے سپرد کردی۔

Century Express Quetta

## وفاقی محتسب کی ہدایت پر خاتون کا شناختی کارڈ کینسل کردیا گیا

کوئٹہ (پ ر) وفاقی محتسب ریجنل آفس کوئٹہ میں گوادر کے رہائشی درخواست گزار عظیم نے درخواست دائر کی تھی کہ نادرا نے ان کی بیوی کے نام پر دو شناختی کارڈ ایشو کیے تھے جبکہ وہ ایک شناختی کارڈ کی حامل تھی۔ درخواست گزار کا مزید کہنا تھا کہ انہوں نے اس سلسلے میں نادرا آفس سے رابطہ کیا مگر ان کا مسئلہ حل نہیں ہوا۔ بالآخر مجبور ہو کر انہوں نے انصاف کے حصول کی خاطر وفاقی محتسب کے ادارے میں درخواست دائر کی۔ درخواست موصول ہوتے ہی ریجنل آفس کوئٹہ کے عملے نے انکوائری کا آغاز کیا اور نادرا عملے کو طلب کر کے جواب مانگا۔ نادرا کا عملہ جواز پیش کرنے میں ناکام رہا۔ چنانچہ وفاقی محتسب نے احکامات جاری کیے کہ فوری طور پر درخواست گزار کا ایک شناختی کارڈ کینسل کیا جائے۔

## بسیمہ میں لوگوں کی جان ومال کی حفاظت اولین ترجیح ہے، ڈی سی واشک

**امن وامان میں خلل ڈالنے کی کوشش کرنے پر کارروائی کی جائے گی، منیر درانی کی گفتگو**

بسیمہ (نامہ نگار) ڈپٹی کمشنر واشک منیر احمد درانی نے کہا ہے کہ بسیمہ میں امن وامان کی بحالی، لوگوں کی جان ومال کی حفاظت اور مظلوم کو بروقت انصاف کی فراہمی اولین ترجیح ہے۔ ان خیالات کا اظہار ڈپٹی کمشنر واشک منیر احمد درانی نے دھرنے پر بیٹھے انجمن تاجران و دیگر دکانداروں سے کیا۔ انہوں نے کہا کہ ضلع کو جرائم پیشہ عناصر اور دیگر برائیوں سے پاک کرنے کے لیے تمام وسائل کو بروئے کار لاکر ایک بہترین معاشرے کی تشکیل میں اپنا بھرپور کردار ادا کریں گے۔ جو کوئی امن وامان میں خلل پیدا کرنے کی کوشش کرے گا بروقت کارروائی عمل میں لائی جائے گی قانون سب کے لئے برابر ہے۔ ڈپٹی کمشنر واشک نے انجمن تاجران بسیمہ کے صدر میر بالاچ خان رودینی کے پیش کردہ مسائل پر یقین دہانی کرتے ہوئے کہا کہ بازار میں پندرہ لیویز اہلکار گشت پر تعینات کریں گے اور موٹر سائیکل بھی دیں گے تاکہ امن وامان کی بحالی ممکن ہوسکے۔ بازار کی صفائی پر مامور دو افراد کی تنخواہیں بھی جلد دیے جائیں گے۔ ڈپٹی کمشنر واشک نے ایس ایچ او لیویز کو ہدایت کی کہ وہ بازار میں پیٹرولنگ پر تعینات اہلکاروں کی روزانہ کی بنیاد پر حاضریاں چیک کرے۔

INTEKHAB QUETTA

## بلوچستان میں اعلیٰ پولیس افسران کے تبادلے وتقرری

کوئٹہ (این این آئی) سینٹرل پولیس آفس بلوچستان کے جاری کردہ اعلامیہ کے مطابق ایس ایس پی خضدار عبدالعزیز جھکرانی کو سینٹرل پولیس آفس رپورٹ کرنے کی ہدایت، زونل کمانڈر بی سی زون خضدار جاوید احمد کو ایس ایس پی خضدار اور ڈی ایس پی سیکورٹی ڈویژن کوئٹہ عبدالمالک درانی کو زونل کمانڈر بی سی زون خضدار تعینات کردیا گیا۔

CamScanner

عوامی مسائل

ادارے، مضامین

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 07 JAN 2025 Page No. 16

## پنجگور میں فائرنگ سے لیویز اہلکار، چاغی میں بچی جاں بحق ہوگئی

**ممتاز احمد کو گھر جاتے ہوئے نشانہ بنایا گیا، سوراب کے 17 سالہ نوجوان کی لاش برآمد**

پنجگور (آن لائن/این این آئی/نامہ نگار) پنجگور میں دو مختلف واقعات میں ایک شخص کی لاش برآمد کرلی گئی جبکہ ایک شخص کو نامعلوم مسلح افراد نے فائرنگ شہید کردیا۔ پولیس ذرائع کے مطابق سرادان خدابادان میں واقع نیوان ندی کے قریب نامعلوم مسلح افراد نے فائرنگ کرکے پنجگور خدابادان کے رہائشی ممتاز ولد محمد جان کو ہلاک کردیا گیا اور فرار ہوگئے۔ این این آئی کے مطابق ممتاز احمد لیویز سپاہی تھے اور فٹ بال چوک پر ڈیوٹی ختم کرکے گھر جارہے تھے کہ نامعلوم افراد نے فائرنگ کرکے ہلاک کردیا۔ ایک اور واقعہ میں سوراب کے مقام پر ضلع سکندر آباد (سوراب) کے 17 سالہ جوان کی لاش برآمد ہوئی۔ ذرائع کے مطابق موت ہارٹ اٹیک سے ہوئی ہے ضروری کارروائی کے بعد لاش علاقہ منتقل کردی گئی۔ دریں اثناء چاغی میں پاک افغان سرحدی علاقے میں فائرنگ سے ایک بچی جاں بحق جبکہ خواتین اور مرد سمیت دو افراد شدید زخمی ہوگئے۔ لیویز ذرائع کے مطابق نوکنڈی میں مسلح افراد کی فائرنگ سے ایک بچی جاں بحق ہوگیا جبکہ احمد نامی شخص اور ایک خاتون شدید زخمی ہوگئیں زخمیوں کو مقامی اسپتال میں ابتدائی طبی امداد کے بعد کوئٹہ منتقل کردیا گیا۔

## سی ٹی ڈی تربت ریجن نے مسافر کوچ پر خودکش حملے کا مقدمہ درج کرلیا

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) سی ٹی ڈی تربت ریجن نے دو روز قبل مسافر کوچ پر خودکش حملے کا مقدمہ درج کرلیا سی ٹی ڈی ذرائع کے مطابق چار جنوری کو کراچی سے تربت جانے والی مسافر کوچ پر تربت سے سات کلومیٹر دور ڈھنک کے مقام پر خودکش حملہ آور نے بارود سے بھری گاڑی مسافر کوچ سے ٹکرا دی تھی جس کے نتیجے میں دو پولیس اہلکاروں سمیت 8 افراد شہید جبکہ ایس ایس پی سیریس کرائم انویسٹی گیشن ونگ کوئٹہ زوہیب محسن اُنکے بیٹے اور بھائی سمیت 50 افراد زخمی ہوگئے تھے سی ٹی ڈی تربت ریجن نے خودکش حملے کا مقدمہ انسداد دہشتگردی، قتل، اقدام قتل، 3،4،5 ایکسپلوسو ایکٹ کے تحت درج کرلیا۔

اداریے، مضامین

عوامی مسائل

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 5 — Dated: 07 JAN 2025 — Page No. 17

## کوئٹہ میں نجی مذبحہ خانے قائم، بیمار جانوروں کے گوشت کی فروخت جاری

**قصابوں نے دکانوں میں مذبحہ خانے قائم کر کے حفظان صحت کے اصولوں کو پامال کردیا، اکثر علاقوں میں بیمار جانوروں کا گوشت کھلے عام فروخت کیا جانے لگا**

**جانوروں کو ذبح کر کے گوشت کھلی جگہ پر لٹکا دیا جاتا ہے، قصاب گائیں، بیل اور بکرے کا گوشت من مانی قیمتوں پر فروخت کرنے لگے**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) انتظامیہ کی غفلت کے سبب کوئٹہ میں بیمار اور لاغر جانوروں کے گوشت کی فروخت کا سلسلہ نہ رک سکا، حفظان صحت کے اصولوں کو پامال کر کے قصائیوں نے دکانوں میں مذبح قائم کردیے ہیں، جہاں پر جانوروں کو ذبح کر کے گندگی بھی نالیوں میں پھینک دیتے ہیں۔ کوئٹہ کے گوالمنڈی چوک، کواری روڈ، ڈبل روڈ، جان محمد روڈ، ارباب کرم خان روڈ، سبزل روڈ، پودگلی چوک، سیٹلائٹ ٹاؤن، سریاب روڈ، ایئرپورٹ روڈ، عالمو چوک، جناح ٹاؤن، شہباز ٹاؤن، کلی شابو، فاطمہ جناح روڈ، اسپنی روڈ، اسمنگلی روڈ، ہزار گنجی و دیگر علاقوں کے اکثر قصاب بیمار اور لاغر جانور ذبح کر کے فروخت کررہے ہیں جو انسانی صحت کیلئے انتہائی نقصان دہ ہے۔ شہر اور گردونواح کے علاقوں میں بیشتر قصائی بلاخوف وخطر حفظان صحت کے اصولوں کو پامال کرتے نظر آتے ہیں۔ بقیہ نمبر 36 صفحہ 5 پر

ذبح کردہ بیل، بکرے، اونٹ و دیگر جانوروں ذبح کر کے دکانوں کے باہر کھلی فضا میں لٹکا دیا جاتا ہے اور سارا دن ہوا کیساتھ اڑنے والا دھول اور مٹی بھی گوشت میں جذب ہو جاتا ہے۔ شہر کے وسطی علاقوں میں بھی قصائیوں نے دکانوں میں مذبح خانے قائم کیے ہیں جہاں پر وہ جانوروں کو ذبح کر کے فروخت کررہے ہیں، اور ان جانوروں کی صحت کا جائزہ لینے کا کوئی طریقہ کار موجود نہیں ہے۔ طبی ماہرین کے مطابق کھلی فضا میں لٹکنے والے جانور کے گوشت میں مختلف قسم کے جراثیم [illegible] ہو جاتے ہیں جس کیلئے احتیاطی تدابیر اختیار کرنا بے حد ضروری ہے شہری بازار سے گوشت گھر لے جانے کے بعد اسے اچھی طرح دھو کر بعد میں استعمال کریں تاکہ اس میں پائے جانے والے جراثیم کا کسی حد تک خاتمہ ہو سکے۔ شہریوں نے بتایا کہ قصائیوں نے اپنی مرضی سے بکرے، گائے اور بیل کے گوشت کی قیمتیں مقرر کی ہیں اور وہ کسی قانون کو نہیں مانتے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ ضلعی انتظامیہ اپنی ذمہ داریاں نبھاتے ہوئے گوشت کے معیار کو دیکھ کر سرکاری نرخنامے پر عملدرآمد کرنے کیلئے اقدامات اٹھائے۔

## بلوچستان میں ادویات کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ

**80ہزار سے زائد ادویات کی قیمتوں میں دوسو فیصد سے زائد کا اضافہ، میڈیکل ڈیوائسز پر بھی 70فیصد تک ٹیکس عائد، عوام کیلئے علاج کرانا بھی مشکل ہوگیا**

**انسولین، ٹی بی کینسر اور دل کے امراض کی ادویات کی قلت ختم ہوگئی تاہم قیمتوں میں بے پناہ اضافہ ہوگیا، پاکستان کیمسٹ اینڈ ڈرگس ایسوسی ایشن کا اظہار تشویش**

کوئٹہ (یو این اے) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ سمیت بلوچستان بھر میں ادویہ ساز کمپنیوں کو قیمتوں کے تعین کا اختیار دینے کے بعد سرکاری کنٹرول کا نظام ختم کر دیا گیا ہے، جس کے نتیجے میں 80ہزار سے زائد ادویات کی قیمتیں 200فیصد سے زائد بڑھ چکی ہیں۔ میڈیکل ڈیوائسز پر بھی 70فیصد تک ٹیکس عائد کردیا گیا ہے، جس کا سارا بوجھ عوام بقیہ نمبر 50 صفحہ 5 پر

پر منتقل کر دیا گیا ہے۔ یو این اے کی رپورٹ کے مطابق، بلوچستان بھر میں عوام کی مشکلات میں اضافہ ہوگیا ہے کیونکہ نہ صرف علاج مہنگا ہوگیا ہے بلکہ ادویات کی قیمتوں میں بھی بے تحاشا اضافہ دیکھنے کو مل رہا ہے۔ نگران حکومت نے ادویات کی قیمتوں کو ڈی ریگولیٹ کرنے کا فیصلہ کیا تھا، جسے موجودہ حکومت نے برقرار رکھا۔ اس فیصلے کے بعد انسولین، ٹی بی، کینسر اور دل کے امراض کی ادویات کی قلت تو ختم ہوگئی لیکن قیمتوں میں بے پناہ اضافہ ہوگیا۔ فارما ایڈووکیٹ محمد نور مہر نے 2024 کو بدقسمت ترین سال قرار دیتے ہوئے کہا کہ 18 فروری 2024 کو نگران حکومت نے ادویات کی قیمتوں کا کنٹرول اور نظام ختم کیا جس کے نتیجے میں 80ہزار سے زائد ادویات کی قیمتیں مہنگی ہوگئیں اور میڈیکل ڈیوائسز پر 65 سے 70فیصد ٹیکس عائد کیا گیا۔ پاکستان کی فارما مارکیٹ کا حجم 960ارب روپے ہے، اور نئے ٹیکسوں کا اضافی بوجھ بھی عوام کو ہی برداشت کرنا پڑ رہا ہے۔ رپورٹ کے مطابق، اینٹی بائیوٹک، پین کلرز، شوگر کی ادویات اور دیگر ضروری دوائیں 100 سے 200فیصد تک مہنگی ہوگئیں، جس کے نتیجے میں میڈیکل اسٹورز پر دکاندار اور خریدار قیمتوں میں تبدیلیوں کے باعث الجھتے نظر آتے ہیں۔ پاکستان کیمسٹس اینڈ ڈرگسٹس ایسوسی ایشن نے ادویات کی قیمتوں میں بے جا اضافے پر تشویش کا اظہار کیا ہے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Baakhabar Quetta

Bullet No. 5

Dated: 07 JAN 2025

Page No. 18

# مرغی 800 روپے کلو، مہنگائی بے لگام انتظامیہ خاموش

مرغی کی قیمتوں میں اضافے کی وجہ غربت اور بے روزگاری کے ستائے ہوئے عوام کیلئے مزید مشکلات بڑھ گئی ضلعی انتظامیہ اور پرائس کنٹرول کمیٹی ناکام عوام کا کوئی پرسان حال نہیں

## سردی کی شدت میں اضافے کے باعث مال کم آنے کی وجہ سے قیمتیں بڑھ رہی ہیں مال کی دستیابی بھی کم برقرار رہی جس کی وجہ سے قیمتوں میں اضافہ ہوگیا، پولٹری فارم ایسوی ایشن کا موقف

کوئٹہ( اسٹاف رپورٹر)صوبائی دارالحکومت کوئٹہ سمیت صوبے کے مختلف شہروں میں مرغی کے گوشت کے قیمتوں کو پر لگ گئے غریب کے دسترس سے باہر کوئٹہ شہر میں مرغی کے گوشت میں یکدم 50روپے کا اضافہ 760روپے فی کلوفروخت کیا گیا ہے چکن کھانے والوں کی چیخیں نکل گئیں تفصیلات کے مطابق کوئٹہ میں مہنگائی کا طوفان آگیا ہے جو تھمنے کا نام ہی نہیں لی رہی کوئٹہ شہر میں مرغی کے گوشت میں اچانک ایک ہفتے میں 350روپے کا اضافہ کردیا گیا ہے اوراس طرح اب مرغی کا گوشت 760 روپے فی کلوفروخت میں فروخت کیا جانے لگا ہے جس سے چکن کھانے والوں کی چیخیں نکل گئی ہیں پولٹری یونین کی من مانی سے شہری سخت پریشان ہیں شہر میں منافع خور دیدہ دلیری سے شہریوں کولوٹ رہے ہیں اورانتظامیہ مجرمانہ خاموشی اختیار کئے ہوئے ہے پرائس کنٹرول محکمہ اور کمیٹیاں غیر فعال ہیں شہریوں نے ڈی سی کوئٹہ سے مطالبہ کیا ہے کہ گرانفروشوں کے خلاف کاروائی کرکے مصنوعی مہنگائی کا خاتمہ کیا جائے تاکہ عام شہری بھی چکن کھا سکے کیونکہ موجودہ ریٹ جس پر بڑے کا گوشت بکتا تھا اب مرغی کے گوشت کا ریٹ ہوگیا ہے متوسط طبقے سے مرغی کا گوشت کھانے کا حق نہ چھینا جائے اور پولٹری یونین کا شاہانہ ریٹ کم کرائے جائیں شہر میں اس کے علاوہ 760روپے سے 820روپے تک کلوفروخت کیا جارہا ہے مستونگ میں مرغی کا گوشت 800روپے فی کلوفروخت کیا جارہا ہے جبکہ کچلاک میں 820روپے پشین 850روپے قلات میں مرغی کا گوشت 870روپے اور خضدار میں مرغی کا گوشت 900روپے کلوفروخت کیا جارہا ہے جبکہ مرغی کے انڈوں کی قیمتوں میں بھی سردی کی امد کے ساتھ ہی دن بدن اضافہ ہورہا ہے کوئٹہ شہر میں فاری انڈے 430روپے سے لے کے 450روپے فی درجن فروخت کیے جارہے ہیں جبکہ دیسی انڈے 600روپے سے ساڑھے چھ سو روپے میں فروخت جاری ہے

# خضدار ضلعی منتظم صحت ڈی ایچ او آفس مسالکستان بن چکا ہے، عوامی حلقے

## قابض عملہ سپریڈنٹ اور کیشیئر مبینہ طور پر کرپشن کی انکشافات سامنے آئی ہے

خضدار( نامہ نگار) خضدار ضلعی منتظم صحت ڈی ایچ او آفس خضدار مسالکستان بن چکا ہے محکمہ ہیلتھ میں ڈی ایچ او فس سے لوگوں کو سخت مایوسی کا سامنا کرنا پڑرہا ہے خضدار ڈی ایچ او آفس میں کئی برسوں سے موجودہ سپریڈنٹ اور کیشیئر سابق ڈی ایچ او کے ساتھ ملکر مبینہ محکمہ ہیلتھ کے پوسٹوں کو کوڑیوں کے دام بیچ کر کروڑوں روپے کی کرپشن کی ہیمگر تاحال اپنی جگہوں پر بدستور ڈیوٹیوں پر موجود ہے انکے خلاف کوئی کاروائی نہیں ہوئی ہے لیکن اس باوجود کیشیئر اور سپریڈنٹ محکمہ ہیلتھ سے مبینہ ماہانہ فیول کی مد میں لاکھوں روپے کو جعلسازی سے ہڑپ کررہے ہیں ان سے کوئی پوچھنے والا نہیں ہے ان خیالات کا اظہار خضدار کے عوامی وسیاسی حلقوں نے ذرائع نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا عوامی حلقوں کا کہنا تھا کہ ڈی ایچ او آفس خضدار میں قابض عملہ سپریڈنٹ اور کیشیئر مبینہ طور پر کرپشن کی انکشافات سامنے آئی ہے سابق ڈی ایچ او سے ملکر محکمہ کے سینکڑوں پوسٹوں کو اپنے عزیز واقارب اور فیملی پر بندر بانٹ کرکے میرٹ کی دھجیاں اڑائی گئی اور سینکڑوں پوسٹوں کو بیچ دی نگران پر نوٹس بھی لیا گیا تھا۔ سننے میں آرہا ہے کہ موجودہ حکومت کی جانب سے خفیہ کمیٹی بنائی ہے کہ جہاں کرپشن اور بڑپشن کی بازار گرم ہوان پر خفیہ کاروائی عمل میں لائی جائے گی اوران پر چھاپے مارکرانہی محکموں کو کرپشن سے پاک کیا جائےخضدار کے عوامی وسیاسی حلقوں نے وزیراعلی بلوچستان میر سرفراز بگٹی، چیف سیکریٹری بلوچستان، سیکریٹری صحت بلوچستان، ڈائریکٹر جنرل ہیلتھ سروسز بلوچستان اور دیگر حکام بالا سے مطالبہ کیا ہے کہ محکمہ صحت ڈی ایچ او آفس خضدار کے موجودہ عملہ سپریڈنٹ، کیشیئر کی مبینہ کرپشن اور خالی پوسٹوں کی بندر بانٹ اور خرید وفروخت کرنے پر شامل تفتیش کاروائی عمل میں لائے اور محکمہ کو کرپشن سے پاک کرکے متاثرہ بے روزگار نوجوانوں کو سستا انصاف فراہم کیا جائے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: AZADI QUETTA

Bullet No. 6 · Dated: 07 JAN 2025 Page No. 10


# پارلیمان کی مضبوطی، جمہور کی طاقت، الیکشن کمیشن کی مرکزیت، انتخابی نتائج پر تنازعات!

بلوچستان اسمبلی کے حلقہ پی بی 45 کوئٹہ میں 15 پولنگ اسٹیشنز پر الیکشن ٹربیونل کے حکم پر دوبارہ پولنگ کے نتیجے میں پاکستان پیپلز پارٹی کے حاجی علی مدد جتک کامیاب قرار پائے۔ جمعیت علمائے اسلام کی جانب سے انتخابی نتائج کو مسترد کرتے ہوئے مبینہ دھاندلی کا الزام لگایا گیا ہے۔ بہر حال ملک میں عام انتخابات 2024ء کے نتائج پر تمام سیاسی و مذہبی جماعتوں کی جانب سے مبینہ دھاندلی کے الزامات لگائے گئے جس میں حکومتی جماعتیں بھی شامل ہیں جو ابھی تک عام انتخابات کے نتائج سے کسی صورت مطمئن نہیں۔ ماضی کی نسبت 2024ء کے عام انتخابات پر سب سے زیادہ سوالات اٹھائے گئے جس کی بہت ساری وجوہات ہیں خاص کر موبائل انٹرنیٹ کی بندش، نتائج کا تاخیر سے اعلان، اہم سیاسی شخصیات کو اپنے ہی حلقوں سے شکست کا سامنا شامل ہے۔ الیکشن کمیشن کی جانب سے عام انتخابات کو شفاف قرار دیا گیا مگر جس طرح اور جس ماحول میں پولنگ ہوئی یہ کسی بھی جمہوری ملک میں ناقابل قبول عمل ہے، اس پر واضح اعتراضات سامنے ہیں جب مواصلاتی نظام کو ہی جام کر دیا جائے تو رابطوں کا اور کیا ذریعہ رہ جاتا ہے۔ میڈیا تک نتائج انٹرنیٹ اور موبائل سروس کی بندش کی وجہ سے تاخیر سے پہنچے، پھر اُمیدواروں تک نتائج اور انہیں اپنے ووٹرز تک کس حد تک رسائی ملی ہوگی یہ انتہائی سنجیدہ سوالات ہیں۔ ایک طرف الیکٹورل سسٹم متعارف کرانے کی بات کی جاتی ہے تو دوسری جانب اس جدید ٹیکنالوجی کے دور میں عام انتخابات کے دوران موبائل سروس بند کی جاتی ہے۔ بہر حال کوئٹہ حلقہ پی بی 45 میں ہونے والی پولنگ میں بھی عام انتخابات جیسا ماحول دیکھنے کو ملا جو کہ نہیں ہونا چاہئے تھا۔ الیکشن کی شفافیت کے بغیر جمہوری نظام کبھی نہیں چل سکتا، پارلیمان کی کمزوری سے نظام بہت زیادہ متاثر ہو کر رہ جاتا ہے اس عمل کے خلاف تمام سیاسی جماعتوں کو ایک پیج پر ہونا چاہئے، ہار جیت الیکشن کا حصہ ہے پورے آزادانہ طریقے اور ماحول میں الیکشن کرانا چاہئے تاکہ شکوک و شبہات پیدا نہ ہوں اور سیاسی مسائل سر نہ اٹھائیں۔ موجودہ انتخابات کے نتائج کے خلاف جمعیت علمائے اسلام سراپا احتجاج ہے ان کا دعویٰ ہے کہ ان کا امیدوار کامیاب ہوا ہے جبکہ دیگر جماعتوں کے امیدوار بھی یہی دعویٰ کر رہے ہیں جبکہ حلقہ پی بی 45 کوئٹہ کے 15 پولنگ اسٹیشنز پر پولنگ کے بعد فارم 47 جاری کر دیا گیا ہے جس کے مطابق پاکستان پیپلز پارٹی کے امیدوار حاجی علی مدد جتک 6883 ووٹ لے کر کامیاب ہوئے جبکہ پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے نصر اللہ زیرے دوسرے نمبر پر رہے۔ اتوار 5 جنوری کو بلوچستان اسمبلی کے حلقہ پی بی 45 کے 15 پولنگ اسٹیشنز پر الیکشن ٹربیونل کے حکم پر دوبارہ پولنگ ہوئی جس کے ریٹرننگ افسر سید نذیر احمد کے دستخط سے جاری کیے گئے، فارم 47 کے تحت غیر حتمی اور غیر سرکاری نتائج کے حلقے میں کل 17752 درست ووٹ ڈالے گئے جبکہ 41 ووٹ مسترد کر دیئے گئے۔ غیر حتمی و غیر سرکاری نتائج کے مطابق پاکستان پیپلز پارٹی کے امیدوار حاجی علی مدد جتک 6883 ووٹ لے کر کامیاب قرار پائے۔ پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے نصر اللہ زیرے نے 4122 اور جمعیت علمائے اسلام کے امیدوار میر عثمان پرکانی نے 3731 ووٹ حاصل کیے جبکہ پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے مجید خان اچکزئی 998 ووٹ حاصل کر سکے۔ حلقے میں ڈالے گئے ووٹوں کی شرح 35.36 فیصد رہی۔ یہ معلومات الیکشن کمیشن کے ذریعے ہی فراہم کی گئی ہیں۔ پورے 5 سال بعد صرف ایک الیکشن کا ہی وقت ہوتا ہے جس میں الیکشن کمیشن کا کردار مرکزی ہوتا ہے اور تمام تر سہولیات سمیت دیگر لوازمات کی فراہمی کے مطالبے کا اختیار الیکشن کمیشن کے پاس ہوتا ہے جو الیکشن کے تمام تر عمل کی نگرانی کرتا ہے۔ یہ الیکشن کمیشن کی ذمہ داری بنتی ہے کہ وہ ان اہم خامیوں کو دور کر کے آزادانہ ماحول میں شفاف الیکشن کروائے تاکہ تنازعات کھڑے نہ ہوں، اس سے الیکشن کمیشن کی ساکھ بہت زیادہ متاثر ہو کر رہ جاتی ہے۔ بہر حال بنیادی بات یہی ہے کہ جمہوری نظام کی مضبوطی جمہور کی طاقت سے مشروط ہے اور اس کیلئے سب کو نیک نیتی سے کردار ادا کرنے کی ضرورت ہے، پارلیمان کی مضبوطی سے ہی مثبت تبدیلیاں آسکتی ہیں۔ بہر حال پہلے بھی اس نشست سے پیپلز پارٹی کے امیدوار حاجی علی مدد جتک ہی کامیاب قرار پائے تھے اب دوبارہ پولنگ میں بھی ان کی کامیابی ہوئی ہے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: بلوچستان ایکسپریس

Bullet No. 6 Dated: 07 JAN 2025 Page No. 20

# بلوچستان کے مسائل اور حکومت کے ترجیحی اقدامات

وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں صوبے کی مخلوط صوبائی حکومت کو آئے ہوئے گوکہ ابھی ایک سال کا بھی عرصہ مکمل نہیں ہوا تاہم اس قلیل عرصے میں حکومت نے دیرینہ عوامی مسائل کے حل اور عوام کی امیدوں وتوقعات پر پورا اترنے کے لئے جن ترجیحی اقدامات کوششوں اور کاوشوں کا سلسلہ شروع کیا ہے وہ انتہائی مستحسن اور قابل ستائش ہے امید ہے کہ حکومت صوبے کو درپیش مسائل ومشکلات کے ازالے کیلئے اقدامات کا سلسلہ جاری رکھے گی اور ان اقدامات کے خاطر خواہ نتائج برآمد ہونگے بلوچستان کے مسائل ماضی کی مسلسل لاتعلقی اور عدم توجہی کے باعث سنگین ہوئے تاہم قوی امید ہے کہ وفاق اور صوبہ جس بہتر انداز میں مسائل کے خاتمے اور عوام کی ترقی کے لئے کوشاں ہے آنے والے چند برسوں میں صوبہ ترقی وخوشحالی کی منزل تک پہنچے گا بلوچستان کے پاس وسائل کی قلت ہے اس کے بعد فوری طور پر وقت ضائع کئے بغیر وفاقی حکومت سے رجوع کر کے دونوں شعبوں کے لئے خصوصی پیکج لیا جائے اور اگلے چار سالوں کے دوران اس پیکج کے عین مطابق اقدامات کا ایک ایسا سلسلہ شروع کیا جائے جو ثمر آور ثابت ہو اس دوران صوبے میں ڈیموں کی تعمیر کے منصوبوں کا جائزہ لیا جائے اور ان کی بروقت تکمیل کو یقینی بنائیں ساتھ ہی ساتھ ماہی گیری کی صنعت سے وابستہ افراد کے مسائل پر توجہ دی جائے اور صوبے میں چھوٹی صنعتوں اور کارخانوں کے حوالے سے صوبائی حکومت خصوصی پلان تشکیل دے کر اس پر دن رات کام کرے ہمیں امید ہے کہ صوبائی حکومت اس حوالے سے اپنی فعالیت کا ثبوت دے گی اگر بلوچستان کی معاشی حالت بہتر بنانی ہے تو اس کے لئے ضروری ہے کہ سب سے پہلے بلوچستان کے پیداواری شعبہ پر خصوصی توجہ مرکوز کی جائے پیداواری شعبوں کی جب بھی بات آتی ہے تو معدنی شعبہ زراعت گلابانی ماہی گیری اور چھوٹی صنعتوں کا تذکرہ ضروری ٹھہرتا ہے بلوچستان میں سبھی جانتے ہیں کہ لوگوں کی ایک غالب اکثریت کے معاش کا دارومدار زراعت اور گلہ بانی پر منحصر ہے مگر کیا کیا جاسکتا ہے کہ یہ دونوں ہی شعبے طویل عرصے سے عدم توجہی کا شکار رہے ہیں سونے پر سہاگہ یہ کہ اس دوران بلوچستان ایک طویل خشک سالی سے بھی دوچار رہا فنڈز کی قلت بجلی بحران حکومتوں کی عدم توجہی اور محکمانہ سطح پر اقدامات کا سلسلہ نہ ہونے سے صورتحال مزید گھمبیر ہوتی رہی ہے تاہم وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی بلوچستان کے چھوٹے بڑے مسائل سے آگاہ فہمیدہ شخصیت کے مالک ہیں جن کے حوالے سے خاص الخاص بات جس کا تذکرہ ضروری ہے وہ یہ ہے کہ بطور وزیراعلیٰ وہ محض تقاریر پر یقین نہیں رکھتے بلکہ عملی [illegible]

صدارت مخلوط صوبائی حکومت مختلف شعبوں میں درپیش مسائل ومشکلات کے حل کے لئے اقدامات کا سلسلہ جاری رکھے گی ماننا پڑے گا کہ بلوچستان جیسے گوناگوں مسائل سے دوچار، انتہائی پسماندہ اور غربت کے شکار صوبے میں کسی بھی حکومت کو ماضی کے ڈمپ شدہ مسائل حل کرنے کے لئے ایک سال کا عرصہ انتہائی قلیل ہوتا ہے ہمیں امید ہے کہ اگلے چار برسوں تک بلوچستان حکومت صوبے کے دیرینہ سیاسی، سماجی اور سب سے بڑھ کر معاشی مسائل کے حل کے لئے اپنے فعال ومتحرک کردار ادا کرتی رہے گی گزشتہ ایک سال کے دوران موجودہ حکومت کو انتہائی مشکل اور نامساعد حالات کا سامنا کرنا پڑا یہ حکومت جب آئی تو بلوچستان سمیت ملک بھر میں معاشی اور اقتصادی بحران اپنے عروج پر تھا مرکز میں خزانہ خالی ہو چکا تھا یہاں صوبے میں ایک طرف سیاسی مسائل موجود تھے تو دوسری جانب سماجی اور معاشی مسائل بھی عروج پر تھے اوپر سے دہشت گردی اور بدامنی الگ تاہم گزشتہ نو دس مہینوں کے دوران حکومت نے جس احسن انداز میں معاملات کو آگے بڑھایا مسائل کے حل کی راہ ہموار کی اور دیرینہ عوامی مسائل کے حل کے لئے فعال ومتحرک کردار ادا کیا ہمیں قوی امید ہے کہ اسی خوش اسلوبی، محنت، دیانت اور خلوص نیت کے ساتھ اگلے چار برس بھی کام جاری رکھا جائے گا تاوقتیکہ صوبے کی ترقی اور عوام کی خوشحالی کا دیرینہ ہدف حاصل کیا جاسکے بلوچستان کو ہمیشہ سے ترقی کی ضرورت رہی ہے لیکن بدقسمتی کہیں یا المیہ عین حقیقت یہی ہے کہ بلوچستان ماضی میں مختلف وجوہات کی بناء پر مسلسل نظر رہا۔ ایک تو اس کو صوبے کا درجہ بہت تاخیر سے ملا اوپر سے صوبے کا درجہ ملنے کے باوجود یہاں تعمیر وترقی کے عمل تیز تر بنانے کے حوالے سے صوبائی حکومتوں نے اپنے حصے کی ذمہ داریاں نہیں نبھائیں حتیٰ کہ اکیسویں صدی کے آتے آتے یہ صوبہ ترقی کے عمل میں باقی صوبوں سے بہت پیچھے رہ گیا اب بلوچستان کے طول وعرض میں وفاقی اور صوبائی پی ایس ڈی پیز کے تحت غیر معمولی ترقیاتی منصوبے جاری ہیں بہت سے منصوبے مکمل ہو چکے ہیں بہت سے منصوبے پر کام جاری ہے اور ان منصوبوں کی تکمیل سے صوبے میں ترقی کے نئے دور کی شروعات ہوں گی وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں بلوچستان کی موجودہ مخلوط صوبائی حکومت تمام شعبوں اور تمام محکموں کی کارکردگی بہتر بنانے اور صوبے کے دیرینہ مسائل کے حل کے لئے کوشاں ہے ضرورت اس امر کی ہے کہ تمام مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے تمام طبقات اور تمام سٹیک ہولڈرز آگے بڑھیں حکومت کا ساتھ دیں اور صوبے کو درپیش صورتحال سے نکال کر بہتری کی شاہراہ پر گامزن کرائیں تاکہ صوبے کی تعمیر وترقی اور خوشحالی واستحکام کے دیرینہ اہداف کا حصول یقینی بنایا جاسکے۔

# Empowering youth with skills

Pakistan, a nation filled with youthful energy, faces the challenge of harnessing this potential to drive economic growth and social progress. With a significant portion of the population under 30, the country has a unique opportunity to invest in its youth and create a prosperous future. However, the lack of quality education, limited employment opportunities, and an unfriendly environment for innovation has led to disillusionment among young people. A key issue exacerbating this is the rising brain drain, where talented individuals seek better prospects abroad. To address these challenges, the government must prioritize skill development and foster a business-friendly environment to promote entrepreneurship and innovation. By focusing on technical and vocational education, the government can equip youth with the practical skills needed to succeed in the global economy. Developing a robust education system, alongside industry-aligned skill programs, can bridge the gap between young people's qualifications and the workforce's demands. This approach will not only empower youth but also help retain talent, reducing the brain drain. Balochistan, rich in natural resources but struggling with instability, is particularly vulnerable to the effects of underemployment and unemployment. The youth in this province, often marginalized and underrepresented, face the greatest challenges. It is crucial to invest in skill development programs tailored specifically to the needs of Balochistan's young people. Providing targeted opportunities for learning and skill acquisition can empower them to play a more active role in the region's economic and social development. This can help reduce feelings of disenfranchisement and encourage local engagement. A comprehensive approach is required to address the broader needs of youth. Investing in quality education from primary to higher education is essential. This includes improving teaching standards, providing necessary resources, and encouraging the development of critical thinking and problem-solving skills. Skill development programs aligned with industry demands will enable youth to acquire practical, marketable skills. Additionally, entrepreneurship programs and innovation initiatives can help create new jobs and stimulate economic growth. In today's digital age, digital literacy is a vital component of success. Offering digital skills training will prepare youth to actively participate in the global digital economy. Moreover, creating a favorable business environment to attract foreign investment can generate employment opportunities. The government should focus on growing sectors like information technology, agriculture, and tourism, which have significant potential for job creation. Involving youth in decision-making and empowering them to contribute to policy discussions will foster a sense of ownership and responsibility. Encouraging youth organizations and platforms can facilitate constructive dialogue and promote social action.

CamScanner

P-1

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Express Quetta

Bullet No. 6

Dated: 07 JAN 2025

Page No. 22

# Girls' Education in Balochistan

The future of girls' education in Balochistan is fraught with challenges; it also holds immense potential for positive transformation. The right educational policies, driven by community engagement and supported by sustainable funding, can lay the foundation for a more equitable society. Investing in girls' education not only empowers individual women but paves the way for socio-economic development, health improvements, and overall societal progress. The need is urgent, and the responsibility lies with all stakeholders to ensure that every girl in Balochistan has the opportunity to realize her dreams, thereby contributing to a brighter, more prosperous future for all. Girls' education stands at a crossroads, beset by a multitude of challenges that hinder access to learning and opportunities for empowerment. The region's socio-economic landscape is complex, characterized by deep-rooted cultural norms, inadequate infrastructure, and pervasive poverty. According to the Pakistan Bureau of Statistics, female literacy rates in Balochistan remain alarmingly low, with only 33% of women able to read and write as of 2022, a stark contrast to the 46% national literacy rate among women. Addressing the myriad obstacles to girls' education is not merely a matter of policy; it is a critical step toward social justice and sustainable development. The educational environment for girls in Balochistan is severely influenced by gender disparity. A significant discrepancy exists in the availability of educational institutions, with only 27% of primary schools, 41% of middle schools, and 33% of high schools designated for girls. Such disparities in school provisions reflect a broader societal context that often prioritizes the education of boys over girls. In many communities, traditional gender roles discourage families from investing in girls' education, as societal norms deem it unnecessary for women to achieve formal education. Phenomenon of early marriages compounds the issue, as cultural expectations pressure families to marry off their daughters young rather than invest in their education. UNICEF has reported that in Balochistan, 21% of girls are married before the age of 18, which drastically reduces their opportunities for continued learning. Education is thus viewed not as a right but as a fleeting privilege, often sacrificed in favor of cultural compliance.

The economic challenge of poverty looms large over educational access for girls in Balochistan. Families often face dire choices about resource allocation, leading many to prioritize the education of sons, viewing it as a more secure long-term investment. The Pakistan Social and Living Standards Measurement (PSLM) survey of 2020-2021 indicated that only 28% of rural girls were enrolled in primary schools, underscoring the economic barriers at play. The lack of adequate government funding further exacerbates the situation. Despite an education budget of approximately PKR 60 billion in 2023, many schools are inadequately equipped, lacking basic infrastructure such as electricity, water facilities, and functional toilets. The absence of these essential amenities restrains enrollment and retention rates. Schools without boundary walls or safe facilities fail to create an inviting atmosphere for girls, often leading to high dropout rates. Infrastructure challenges are intrinsically linked to girls' education in Balochistan. The province's sparse school network is par-

CLIPPING SERVICE
P-2
DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN
نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان
Daily: Balochistan Express Quetta
Bullet No 6
07 JAN 2025 Page No. 23

tances to access the nearest educational institutions. The safety of these journeys is a paramount concern for parents, who may be reluctant to send their daughters on potentially hazardous routes. The threats posed by extremist groups further undermine girls' education, as schools, particularly those intended for girls, become targets for violence. Incidents of attacks on educational institutions foster an environment of fear, reinforcing the stigma against girls pursuing education. According to a 2022 report by the Human Rights Commission of Pakistan, the fear of violence has significantly contributed to low enrollment and retention rates among girls. To compound these challenges, there is a critical shortage of qualified, female teachers in Balochistan, particularly in rural areas. The lack of female educators can discourage families from sending their daughters to school, as parents may feel more comfortable entrusting the education of their girls to female teachers who can provide a supportive and understanding environment.

Various governmental efforts and policies aimed at improving girls' education have faced severe implementation issues, with mismanagement and corruption often leading to ineffective use of resources. Ghost schools schools that appear on paper but are non-functional remain a critical issue, illustrating the systemic failings in the educational framework. NGOs have been instrumental in addressing educational disparities in Balochistan, often stepping in where the government has struggled to make an impact. Organizations like the BRSP and international partners like UNICEF have created community-driven educational initiatives tailored to the cultural and socio-economic realities of the province. Programs such as community schools have brought education to remote areas, significantly increasing enrollment rates among girls. UNICEF's "Let Us Learn" initiative, for instance, has reportedly enrolled over 50,000 girls in primary education, demonstrating the tangible impact of focused, grassroots efforts. However, these initiatives often face sustainability challenges due to funding shortages and social resistance. The ramifications of educating girls extend far beyond individual beneficiaries. An educated female population is vital for socio-economic development, as women who attain formal education are more likely to participate in the workforce, thereby lifting their families out of poverty. The World Bank has reported that women in Balochistan with secondary education are three times more likely to find employment than those without formal schooling. Education has profound implications for health and community well-being. Educated women make more informed health choices, contributing to lower maternal and infant mortality rates. Furthermore, when women are educated, their children are more likely to thrive and succeed, perpetuating a cycle of educational attainment and health improvements across generations. Addressing the multifaceted barriers to girls' education in Balochistan requires a sustained commitment from both governmental and non-governmental stakeholders. A multi-pronged approach that includes community engagement, public-private partnerships, and enhanced resource allocation is essential for creating lasting change. Local women's councils and grassroots movements can be pivotal in advocating for girls' education within their communities, pushing back against systemic barriers and cultural resistance. Additionally, integrating technology into education initiatives offers innovative solutions to accessibility challenges, particularly in remote areas. In the current climate of increasing awareness of girls' education issues, a strategic approach is imperative. With a focus on collaborative efforts among local NGOs, international donors, and government bodies, Balochistan has the potential to turn the tide on girls' education, ensuring that every girl has the opportunity to learn, thrive and contribute to society.

**CLIPPING SERVICE**

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Tribune Express Karachi

Bullet No. 7 Dated: 05 JAN 2025 Page No. 24

# Heated debate in Assembly over Levies merger into police

## Opposition rejects plan, Chief Minister says force will be reformed to enhance its capacity

OUR CORRESPONDENT
QUETTA

The Balochistan Assembly on Saturday saw intense discussions over a resolution tabled by opposition members regarding the 'alleged merger' of the Levies Force into the police.

Opposition leader Mir Younus Azizi Zehri accused the provincial government of secretly planning to integrate the Levies Force into the police, claiming it was a 'pre-planned conspiracy.'

Assembly Speaker Capt (retd) Abdul Khalique Achakzai adjourned the session for ten minutes to allow Chief Minister Mir Sarfaraz Bugti to clarify the government's position.

Upon his return, the Chief Minister assured the house that the Levies Force would not be merged into the police. "Both the Levies and the police are government forces dedicated to serving the people. Reforms will be introduced to enhance the Levies Force, not to replace it," he stated.

Asghar Tareen, a senior member of the Jamiat Ulema-e-Islam-Fazl (JUI-F), expressed strong support for the Levies Force as an independent entity.

"The Levies Force has been the backbone of security in rural Balochistan for decades. They are well-versed in local dynamics and indispensable for maintaining law and order," he said.

Balochistan National Party-Awami (BNP-A) President Asad Baloch echoed similar sentiments, stating, "The Levies Force represents the tribal traditions and unique security needs of Balochistan. Any attempt to undermine it will face resistance."

> The Chief Minister assured the house that the Levies Force would not be merged into the police

The chief minister proposed forming a committee, led by the opposition leader, to oversee reforms and improvements in the Levies Force. However, the opposition rejected the offer, insisting the issue be debated in the assembly. They argued that the force's tribal identity and structure were being deliberately targeted.

Tensions flared when the term 'tribal force' was objected to by the chief minister who emphasized that reforms would only strengthen the Levies without affecting its core identity. The session was adjourned indefinitely without further discussion, leaving the matter unresolved.

The Levies Force, a vital component of Balochistan's security structure, continues to spark debate among lawmakers, with many advocating for its preservation and modernization.

It may be mentioned here that in the past levies force was replaced with police force which was highly criticized by the local political leaders despite the fact that the outdated levies force lacks the modern investigation skills as well as faces capacity issues.

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily Tribune Express Karachi

Bullet No. 8

Dated: 06 JAN 2025 Page No. 25

## Session held on Benazir Scholarship

QUETTA: Under the vision of the Chief Minister of Balochistan, Mir Sarfraz Bugti, opportunities are being provided for minority students in Balochistan through the Benazir Bhutto fully funded Scholarship Scheme of Balochistan Educational Endowment Fund (BEEF) in 2025 at top educational institutions in the country and Balochistan. In this regard, an awareness session for minority students was organized at the Christian Glorious Church under the auspices of BEEF. During the session, the Assistant Manager BEEF said that under this scheme, minority students will be provided full funding to attend the best cadet colleges and residential schools in Balochistan and across the country. He further mentioned that in 2024, 37 students were selected through this scheme, and for 2025, an additional 50 students are planned to be inducted in the program. At the end of the program, Pastor Akram Barkat and other members of the Christian community praised the vision of the Chief Minister of Balochistan and extended special thanks to BEEF for the Scholarship Scheme for minority students. APP

## Tribute paid to ZAB on 97th birthday

OUR CORRESPONDENT
QUETTA

Balochistan Chief Minister Mir Sarfraz Bugti has said that Shaheed Zulfikar Ali Bhutto had provided strong foundations for democracy in Pakistan as his vision continued to guide us even today.

In his message on the occasion of the 97th birth anniversary of the founder of the Pakistan Peoples Party, Bugti said that Bhutto was a leader in Pakistan's history who always made the welfare of the people his top priority. He paid tribute to the public services of Bhutto and added that under his leadership, Pakistan had received its first consensus-based Constitution, and the people had been made aware of their rights.

The Chief Minister added that Zulfikar Ali Bhutto had not only won the hearts of the people of Pakistan but also had a special love and attachment to the people of Balochistan. He had made Balochistan rights and its development a priority of his government, which had marked the beginning of a new era of development in the province.

Bugti added, "Bhutto Shaheed gave political awareness to the marginalized communities. He played an exemplary role in promoting national unity and sovereignty." He further said that Bhutto had showed a keen interest in providing employment, education, and healthcare opportunities for the people of Balochistan.

CamScanner

## CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامه
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No.________

Dated: 07 JAN 2025 Page No.________



صوبائی وزیر بلدیات سردار کوہیار ڈومکی سے مختلف وفود ملاقات کررہے ہیں

## CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامه
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No.________

Dated: 07 JAN 2025 Page No.________



چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان سمال میڈیم انٹرپرائزز کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

Century Express Quetta



چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان سمال میڈیم انٹرپرائزز کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کررہے ہیں